شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون:042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

30 اپریل 2021ء

پریس ریلیز

کرونا وبا سے نجات کے لیے دوا کے ساتھ دعا کی ضرورت ہے۔

لاہور (پ ر) کرونا وبا سے نجات کے لیے دوا کے ساتھ دعا کی ضرورت ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ پاکستان میں اگرچہ کرونا وبا تیزی سے پھیل رہی ہے لیکن اللہ کا شکر ہے کہ حالات کسی حد تک کنٹرول میں ہیں۔ البتہ ہمسایہ ملک بھارت میں معاملات کنٹرول سے باہر ہو چکے ہیں اور وہاں نظام مفلوج ہو گیا ہے لہٰذا ہمیں بہت زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ اِس طرح کی عالمگیر وبا یا تو اعمال کی سزا ہوتی ہے یا انسانوں کی آزمائش ہوتی ہے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ ظاہری طور پر آج کا انسان جن برائیوں میں ملوث ہو چکا ہے اُس سے برّ و بحر میں فساد پھیل گیا ہے اور یہ وبا ایک عذاب کی صورت محسوس ہوتی ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ اب بھی وقت ہے کہ ہم پلٹیں، اللہ کی طرف رجوع کریں، اپنے گناہوں کی معافی طلب کریں اور آئندہ زندگی میں اللہ کی بندگی اختیار کریں۔ اگر اب بھی ہم نے توبہ نہ کی اور اللہ کے احکامات کی طرف رجوع نہ کیا تو نافرمان دنیا شدید پکڑ میں آسکتی ہے۔ لہٰذا خاص و عام سب اللہ کے حضور سر بسجود ہو جائیں، اپنے گناہوں کی معافی مانگیں اور مستقبل میں صراطِ مستقیم پر گامزن ہو جانے کا عزم کریں تاکہ اللہ ہم سے راضی ہو جائے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

تنظیمِ اسلامی

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Friday 30 April 2021

"We ought to supplicate to Allah *(SWT)* as well as take medicinal precautions in order to protect ourselves from the Coronavirus pandemic."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "We ought to supplicate to Allah (SWT) as well as take medicinal precautions in order to protect ourselves from the Coronavirus pandemic."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer noted that although the cases of coronavirus are rapidly increasing in Pakistan, however, with the mercy and grace of Allah *(SWT)*, things have not gotten out of control, whereas, the situation has gotten out of control in neighboring India and its entire apparatus of health and related services has crumbled, which makes it imperative for us in Pakistan to remain extremely vigilant and precautious. He remarked that global pandemics of this nature are either a wrath of Allah *(SWT)* for our transgressions or a trial and test of humans by Allah *(SWT)*. The Ameer of Tanzeem-e-Islami stated that the brazen nature and array of wrongdoings and sins committed by today's man has resulted in widespread corruption in the land and seas, and in the light of that, this global pandemic appears to be the wrath of Allah *(SWT)*. The Ameer asserted that time has still not run out on us to revert towards the Right Path of Allah *(SWT)*, implore for His *(SWT)* forgiveness of our sins in the past and adopt total and unconditional servitude of Allah *(SWT)* in our lives in the future. He said that if we do not seek absolution even now and do not revert to the edicts and commandments of Allah *(SWT)*, then the rebellious world could well be completely engulfed by the wrath of Allah *(SWT)*. Therefore, the Ameer concluded by emphasizing, all and sundry need to absolutely submit to Allah *(SWT)*, seek His *(SWT)* forgiveness for our sins and make a staunch resolution to follow the Right Path in the future, so that we could attain the pleasure of Almighty Allah *(SWT)*.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan